Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نومبر ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ (آل عمران) عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

یومِ اتوار

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۲۰ پیسے

جلد ۶۸/۳۳ | ۶ ربیع الاول ۱۳۹۹ھ ۴ تبلیغ ۱۳۵۸ش ۴ فروری ۱۹۷۹ء | نمبر ۲۸

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۴ فروری۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ ؎

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے، الحمد للہ

احباب التزاماً دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضور کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے اور ہمیشہ اپنی خاص تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

● حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع یہ ہے کہ ؎ سر درد، بازوؤں میں درد اور سوزش کی تکلیف ہے۔

احباب دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو کامل شفا عطا فرمائے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر سلامت رکھے۔ آمین

بحرِ عرفان کے موتی، جوامع الکلم، جواہر الکلام

خدا کی راہ میں قدم اٹھانیوالے ہر شخص کے لئے امتحان اور آزمائش ضروری ہے

مومن خود امتحان کا محتاج ہے تاکہ اس پر اپنے ایمان کی حقیقت کھل جائے

ارشادِ باری تعالیٰ

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ (العنکبوت ۲، ۳)

ترجمہ:۔ کیا (اس زمانہ کے) لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ ان کا یہ کہہ دینا کہ ہم ایمان لے آئے ہیں (کافی ہوگا) اور وہ چھوڑ دیئے جائیں گے اور ان کو آزمایا نہ جائے گا؟

حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اِنْ اَصَابَتْہُ سَرَّآءُ شَکَرَ فَکَانَ خَیْرًا لَّہٗ وَاِنْ اَصَابَتْہُ ضَرَّآءُ صَبَرَ فَکَانَ خَیْرًا لَّہٗ (مسلم)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن کی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔ اسے اگر کوئی خوشی نصیب ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے اور اس کی شکرگزاری مزید خیر و برکت کا موجب بنتی ہے اور اگر اسے کوئی دکھ پہنچے تو وہ صبر کرتا ہے اور یہ صبر بھی اس کے لئے خیر و برکت کا موجب ہوتا ہے۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

"سُنّت اللہ اسی طرح جاری ہے کہ ہر شخص جو خدا کی طرف قدم اٹھاتا ہے اس کے لئے امتحان ضروری رکھا ہوا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ امتحان خدا کی عادت ہے۔ یہ خیال نہ کرو کہ عالم الغیب خدا کو امتحان کی کیا ضرورت ہے؟ یہ اپنی سمجھ کی غلطی ہے اللہ تعالیٰ امتحان کا محتاج نہیں ہے انسان خود محتاج ہے تاکہ اس کو اپنے حالات کی اطلاع ہو اور اپنے ایمان کی حقیقت کھلے۔ مخالف رائے سُنکر اگر مغلوب ہو جاوے تو اقرار کرنا پڑتا ہے کہ قوت نہیں ہے جس قدر علوم و فنون دُنیا میں ہیں بدوں امتحان ان کو سمجھ نہیں سکتا۔" (ملفوظات جلد دوم صفحہ ۱۶۱)

امراء اضلاع اور امراء جماعت کی توجہ کے لئے

امراء جماعت و صدر صاحبان جماعتہائے احمدیہ نیز امراء اضلاع کی خدمت میں بطور یاددہانی درخواست ہے کہ صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کا پانچواں مرحلہ ختم ہونے میں اب صرف تھوڑا وقت باقی ہے۔ مہربانی فرما کر اپنی جماعت کا جائزہ لیجئے۔ ایک فرد بھی ایسا نہیں ہونا چاہیئے جس کی طرف سے اس کے کل وعدہ کا ۱/۵ حصہ رقم وصول نہ ہو جائے۔ نیز اگر کسی دوست کے ذمہ بقایا ہو تو وہ بھی وصول کر کے عنداللہ ماجور ہوں۔ جزاکم اللہ خیراً۔

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

ملاقات کے لئے صرف جمعرات کا دن مخصوص ہے

احبابِ جماعت کو علم ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کے لئے صرف جمعرات کا دن مخصوص ہے اس کے باوجود کئی دوست دُور و نزدیک سے جمعرات کے علاوہ دوسرے ایام میں بھی تشریف لے آتے ہیں اور ملاقات کے لئے اصرار کرتے ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں گزارش ہے کہ حضور سے ملاقات کے لئے صرف جمعرات کے دن ہی تشریف لائیں۔ دیگر ایام میں ملاقات سے معذرت عرض ہے۔

احباب نوٹ فرمالیں۔

(پرائیویٹ سیکرٹری)

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

وقفِ جدید کے بائیسویں اور دفتر اطفال وقفِ جدید کے چودھویں سال کے آغاز کا اعلان

یہ ادارہ بہت اچھا کام کر رہا ہے کام میں مزید حسن پیدا کرنے کے لئے کام کرنے والوں کی تعداد کو بڑھانا اور ضروری سرمایہ مہیا کرنا ضروری ہے

دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی توفیق عطا کرے جو اس زمانہ میں ہمارے کندھوں پر ڈالی ہیں

میری طرف سے آپ سب کو نیا سال مبارک ہو خدا کرے کہ یہ سال انسانیت کے لئے دنیوی اور روحانی دونوں لحاظ سے مبارک ہو

از سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ

مورخہ ۵ صلح ۱۳۵۸ ہش مطابق ۵ جنوری ۱۹۷۹ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

(مرتبہ۔ مکرم قریشی محمد انور صاحب شاہد رکن شعبہ زود نویسی ربوہ)

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:

آج میرا ارادہ بعض ضروری اور اہم اور بنیادی باتیں کرنے کا تھا لیکن دو ایک روز سے مجھے انفلوئنزا کی ہلکی سی شکایت شروع ہو گئی تھی جس میں آج شدت پیدا ہو گئی ہے اور آج صبح میں نے محسوس کیا کہ مجھے بخار کی سی کیفیت بھی ہے۔ تھرمامیٹر لگایا تو بخار تو نہیں تھا لیکن حرارت ۹۹.۴ تھی اور وہ کیفیت اب زیادہ ہو رہی ہے اس لئے وہ باتیں جن پر کافی وقت لگنا تھا وہ میں اس وقت بیان نہیں کروں گا۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انشاء اللہ آئندہ جمعہ پر بیان کروں گا لیکن توفیق دینے والا اللہ ہی ہے۔ دوست دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ صحت دے اور کام کرنے کی توفیق دے۔ ویسے یہ جلسہ کے بعد کا انفلوئنزا تو

ایک چھوٹا سا تحفہ

ہی ہے کیونکہ وہ دوست جن کو جلسے کے ایام میں انفلوئنزا ہوتا ہے۔ وہ بڑے پیار سے بہت قریب آ کر باتیں کرتے ہیں اور اس کے وائرس ایک دوسرے کو لگتے ہوا لے ہیں وہ مجھے بھی لگ جاتے ہیں اور یہ تحفہ ہم خوشی سے قبول کرتے ہیں اور ہمیں دعاؤں کی توفیق ملتی ہے، اپنی صحت کے لئے بھی اور ان لوگوں کی صحت کے لئے بھی جن لوگوں کی طرف سے یہ تحفہ ملتا ہے۔

اس وقت ایک تو میں اس لئے آیا ہوں کہ یہ ہجری شمسی سال کا پہلا جمعہ ہے اور وقت کی ہر تبدیلی دعاؤں کا مطالبہ کرتی ہے ہماری زندگی کی ہر صبح یہ مطالبہ کرتی ہے کہ ہم دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ دن ہمارے لئے مبارک کرے اور

آسمانی برکتوں کا نزول

اس میں پہلے دنوں سے زیادہ ہو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے صبح اٹھنے کی دعائیں بھی سکھائی ہیں اور ہر رات ہم سے یہ مطالبہ کرتی ہے کہ ہم دعائیں کریں کہ اے خدا وہ لوگ جو اندھیروں میں بھٹک رہے ہیں ان کے لئے بھی روشنی کا سامان پیدا کر۔ خدا تعالیٰ نے زمانے کو اس طرح تقسیم کر کے ہماری زندگی سے یکسانیت کو دور کر دیا ہے اور دنوں کو ہفتوں میں باندھ کر اور ہفتوں کو مہینوں میں باندھ کر اور مہینوں کو سالوں میں باندھ کر اور پھر سالوں کو صدیوں میں باندھ کر اور اس طرح زمانے کے ٹکڑے کئے ہیں ورنہ ہمیں یاد بھی نہیں رہتا کہ کب ہماری زندگی کی ابتدا ہوئی اور بسا اوقات ہم یہ بھی بھول جاتے ہیں کہ

ہماری زندگی کی کوئی انتہا

بھی ہے اور آخر ہم نے اللہ کے حضور پیش ہونا ہے۔ ہمیشہ خاتمہ بالخیر کی دعائیں کرتے رہنا چاہیئے۔ نیا سال میری طرف سے آپ سب کو احمدیوں کو بھی اور نوعِ انسان کو بھی مبارک ہو۔ خدا کرے کہ یہ سال انسانیت کے لئے

خیر و برکت کا سال

ہو۔ دنیوی لحاظ سے بھی اور بین الاقوامی رشتوں کے لحاظ سے بھی اور امن عامہ کے لحاظ سے بھی اور غلبۂ اسلام کے لحاظ سے بھی۔ دوسری بات جو میں اس وقت

مختصراً کہنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ وقفِ جدید کے نئے سال کا اعلان میں عام طور پر سال کے پہلے جمعہ کے خطبہ میں کیا کرتا ہوں چنانچہ آج میں وقفِ جدید کے ۲۲ ویں اور دفتر اطفال وقفِ جدید کے ۱۴ ویں سال کے آغاز کا اعلان کرتا ہوں۔

وقفِ جدید ہماری جماعت کا ایک چھوٹا سا شعبہ ہے جسے حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جماعت کی تربیت کے لئے قائم کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فضل کیا اور جماعت کو اس میدان میں کام شروع کرنے اور آہستہ آہستہ آگے بڑھنے کی توفیق دی لیکن جیسا کہ آپ اکثر میری زبان سے سُن چکے ہیں آہستہ آہستہ آگے بڑھنے کا زمانہ آہستہ آہستہ پیچھے رہ گیا اور تیزی سے آگے بڑھنے کا زمانہ شروع ہو گیا۔ اس میں شک نہیں کہ وقفِ جدید کا کام بہت محدود ہے لیکن ہر کام کے لئے کام کرنے والوں کی ضرورت ہوتی ہے اور ہر کام کے لئے رقم کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس نے سفر کرنا ہے اُس نے چوری کر کے اور ٹکٹ خریدے بغیر تو سفر نہیں کرنا یہ تو

جماعتِ احمدیہ کی رِیت

ہی نہیں ہے۔ معلّمین کے سفروں پر خرچ آتا ہے جو کہ دیہات میں جاتے ہیں اور پھرتے ہیں اور قرآن کریم ناظرہ پڑھاتے ہیں اور بعض کو ترجمہ سے پڑھاتے ہیں اور عام مسائل بتاتے ہیں۔ یہ چھوٹی سطح پر بچوں کی ابتدائی تربیت ہے جنہوں نے کہ پہلے اپنی بدقسمتی سے اسلامی تعلیم حاصل نہیں کی ان کو وہ ابتدائی مسائل سکھاتے ہیں۔ یہ تدبیر کی دُنیا ہے اور تدبیر کی دُنیا لازمی طور پر تدریجی ارتقاء کی دُنیا ہوتی ہے اور تدریجی ارتقاء لازماً ابتدائی باتوں کو بھی اتنی ہی اہمیت دیتا ہے جتنی کہ بہت آگے نکلنے کے بعد ضروری باتوں کو دی جاتی ہے اس لئے معلّمین وقفِ جدید اگرچہ ابتدائی مسائل کی تعلیم دیتے ہیں لیکن ابتدائی مسائل کی تعلیم دینا بھی بہت ضروری ہے۔ مثلاً یہ دیکھ کر بڑا دُکھ ہوتا ہے کہ بازار کے جو آداب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائے ہیں ربوہ میں بھی بہت کم لوگ ان سے واقفیت رکھتے ہیں۔ ربوہ کے نظام کو اس طرف بھی توجہ دینی چاہیئے اور

معلّمین وقفِ جدید

کو تو بہت سی کتابیں چھپوا کر یا نوٹ لکھوا کر یہ مسائل بتانے چاہئیں تاکہ ہر ایک کے دماغ میں یہ ڈالا جائے کہ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے اسلام وحشی کو مہذّب انسان بنانے کے لئے اور مہذّب انسان کو باخلاق انسان بنانے کے لئے اور باخلاق انسان کو باخدا انسان بنانے کے لئے آیا ہے۔ اس کا پہلا مرحلہ تادیب ہے یعنی ادب سکھانا۔ اور انسان کے لئے ہر مرحلے میں سے گذرنا، اس کے مسائل کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اسلام کی تعلیم میں کوئی بھی ایسی چھوٹی بات نہیں اور اسلام کے احکام میں سے کوئی بھی ایسا چھوٹا حکم نہیں جسے چھوٹا سمجھ کر نظر انداز کیا جا سکے اور اس کے نتیجہ میں انسان اللہ تعالیٰ کی ناراضگی مول لینے والا نہ ہو۔

پس وقفِ جدید اچھا کام کر رہی ہے لیکن اس کے کام میں بھی زیادہ حُسن پیدا ہونا چاہیئے اور جماعت کو

کام کرنے والوں کی تعداد

بڑھانی چاہیئے اور کام کرنے کے لئے جس سرمائے کی ضرورت ہے وہ مہیا ہونا چاہیئے۔ یہ ترقی کر رہے ہیں لیکن میرے پاس بعض دفعہ بعض دیہاتی جماعتوں کی طرف سے بڑے غصے کے خطوط آجاتے ہیں کہ ہم نے کئی بار وقفِ جدید کو لکھا ہے مگر وہ ہمارے پاس معلّم نہیں بھیجتے۔ جب آپ نے ان کو اتنے معلّم دئے ہی نہیں کہ وہ ساری ضرورتوں کو پُورا کر سکیں تو وہ کیسے ساری ضرورتوں کو پُورا کریں۔ پس اِس طرف آپ توجہ دیں۔ اور دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ نے جو اہم اور عظیم ذمہ داریاں اِس زمانہ میں اِس کمزور جماعت کے کندھوں پر ڈالی ہے ان کو وہ اپنے فضل سے پُورا کرنے کی توفیق عطا کرے اور اپنے علم سے انہیں علم سکھائے اور اپنی طاقت سے انہیں طاقت بخشے اور دُنیا تک اسلام کے نور کو پہنچانے کی اور اسلام کے حُسن کو، چمکتے ہوئے اور بغیر گرد و غبار کے صحیح اور منوّر حُسن کو، ان کی آنکھوں کے سامنے رکھنے کی توفیق عطا کرے اور ہر میدان اور ہر شعبہ میں

اللہ تعالیٰ ہمیں کامیاب کرے

اور آپ کو بھی اور مجھے بھی صحت دے اور صحت سے رکھے۔

اِس کے بعد فرمایا:۔

جیسا کہ میں نے کہا ہے جو بہت اہم باتیں میں آج کہنا چاہتا تھا اگر صحت رہی تو انشاء اللہ وہ اگلے جمعہ کے خطبہ میں آپ سے گفتگو میں بیان کروں گا۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلانِ نکاح

مورخہ ۱۸ جنوری بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عصر مسجد محمدی گولبازار ربوہ میں محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے میرے چھوٹے بھائی عزیزم محی الدین عباسی بی۔ اے کا نکاح مکرم امین الدین صاحب عباسی مرحوم سابق قائد مجلس خدام الاحمدیہ کراچی کے نکاح کا اعلان عزیزہ مکرمہ مدثر باسط صاحبہ بنت مکرم مولوی عبدالباسط صاحب شاہد مربی سلسلہ احمدیہ کے ہمراہ مبلغ دس ہزار روپیہ حق مہر پر فرمایا۔ ایجاب وقبول کے بعد رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب نے دعا کرائی۔

احبابِ جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اِس رشتہ کو ہر لحاظ سے مبارک اور دونوں خاندانوں کے لئے خیر و برکت کا موجب بنائے۔

(سلیم الدین عباسی 5/76-R فیڈرل بی ایریا کراچی ۱۵)

درخواستِ دُعا

میرے ہمزلف مکرم محمد مسلم صاحب نور جو بیرونِ ملک ملازم ہیں ان دنوں بیمار ہیں۔ احبابِ جماعت سے درخواست ہے کہ وہ ان کی شفائے کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا فرما کر ممنون فرمائیں۔

(محمد اسحٰق صوفی استاذ جامعہ احمدیہ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبۂ نکاح

اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ کے اموال اور نفوس میں بہت برکت ڈالیگا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۲ اخاء ۱۳۵۷ ہش بمطابق ۲۲ اکتوبر ۱۹۷۸ء بعد نماز مغرب مسجد مبارک ربوہ میں درج ذیل تین نکاحوں کا اعلان فرمایا۔

۱۔ محترمہ فریحہ نورین صاحبہ بنت مکرم خواجہ محمد یوسف صاحب دارالرحمت غربی ربوہ کا نکاح بیس ہزار روپیہ مہر پر مکرم انور سعید احمد صاحب ابن مکرم ڈاکٹر سعید احمد صاحب دارالصدر جنوبی ربوہ سے۔

۲۔ محترمہ نعیمہ نسرین صاحبہ بنت مکرم قریشی منیر احمد صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور کا نکاح دس ہزار روپیہ مہر پر مکرم قریشی مجید احمد صاحب ابن مکرم قریشی محمود الحسن صاحب راولپنڈی سے۔

۳۔ محترمہ نسیم اختر صاحبہ بنت مکرم چوہدری محمد صدیق صاحب دارالیمن ربوہ کا نکاح ۵ ہزار روپیہ مہر پر مکرم طاہر احمد صاحب ابن مکرم بشیر احمد صاحب میانوالی سے۔

اس موقعہ پر حضور نے جو خطبہ ارشاد فرمایا اس کا متن ذیل میں درج کیا جاتا ہے

(قریشی محمد انور شاہد رکن شعبہ زود نویسی ربوہ)

آیات مسنونہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا:۔

"حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ بشارت دی گئی ہے کہ وہ اللہ جو سب قدرتوں کا مالک ہے۔ وہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کے

اموال اور نفوس میں بہت برکت

ڈالے گا۔ اس برکت کے بہت سے پہلو ہیں، اور بہت سے طریق ہیں۔ جن سے برکت آتی ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ خدا تعالیٰ ازدواجی رشتوں میں برکت ڈالتا ہے اور نیک اور صالح اور خادم دین اولاد پیدا ہوتی ہے۔

ہماری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان رشتوں میں بھی جن کا آج اعلان ہوگا اپنے وعدہ کے مطابق بہت برکت ڈالے۔ اور ان کے بچے

نیک اور صالح اور خادم دین

ہوں اور غلبۂ اسلام کے لئے جس قسم کے ذہن اور جس قسم کے دماغ اور جس قسم کے جسم اور وجود چاہئیں وہ اللہ تعالیٰ پیدا کرے۔"

(ایجاب و قبول کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان رشتوں کے بابرکت ہونے کے لئے حاضرین سمیت دعا فرمائی)

ڈاکٹر محمد یوسف خان صاحب آنریری مبلغ امریکہ کی وفات

خاکسار کے چچا محترم ڈاکٹر محمد یوسف صاحب قریباً ساٹھ سال سے امریکہ میں مقیم تھے سلسلہ کے بہت فدائی اور صاحب رؤیا و کشف بزرگ تھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ان کے ذریعہ امریکہ میں متعدد افراد حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ۔

ایک عرصہ سے آپ بعارضہ قلب بیمار تھے۔ ۱۹ جنوری کو آپ کی روح خدا کے حضور حاضر ہوگئی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ گزشتہ سال مرحوم مع اہلیہ صاحبہ مرکز ربوہ تشریف لائے۔ اور آٹھ نو ماہ یہاں قیام فرمایا۔ اور پھر واپس امریکہ تشریف لے گئے۔ آپ کی میت امریکہ سے ربوہ لائی گئی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ۳۰/۱ کو سلسلہ کے دیرینہ خادم کی نماز جنازہ پڑھائی۔ مرحوم موصی تھے۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب نے دعا کروائی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت میں اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔

مرحوم سلسلہ کی خاطر بہت قربانی کرنے والے بزرگ تھے۔ سلسلہ کی تبلیغ کا آپ کو جنون تھا۔ دعاؤں میں بہت شغف رکھنے والے تھے۔ احباب جماعت مرحوم کی بلندیٔ درجات کے لئے دعا فرمائیں۔ وہاں ہم پسماندگان کے لئے بھی دعا فرمائیں۔

عبدالغفار خان اسٹیشن ماسٹر (ریٹائرڈ) دارالصدر جنوبی ربوہ

قرارداد تعزیت

مجلس خدام الاحمدیہ راولپنڈی صدر کا یہ اجلاس عام منعقدہ ۱۲/۱ مکرم بشیر الدین صاحب کمال نائب قائد خدام الاحمدیہ راولپنڈی صدر سے ان کے چھوٹے بچے عزیز داؤد احمد کی ایک حادثہ میں اندوہناک وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ مورخہ ۱۰ جنوری ۱۹۷۹ء بروز بدھ دن کے گیارہ بجے کے قریب یہ بچہ جس کی عمر صرف چھ برس تھی سکول سے پیدل گھر آتے ہوئے ایک حادثہ میں وفات پا گیا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

عزیز ہونہار بچہ تھا پڑھائی کا شوقین تھا۔ سلجھی ہوئی طبیعت کا مالک تھا۔ قرآن کریم بہت خوش الحانی سے پڑھتا تھا۔ اور اطفال الاحمدیہ کے اجلاسوں میں ذوق و شوق سے حصہ لیتا تھا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نظمیں بھی پڑھ کر سنایا کرتا تھا۔

ہم مکرم بشیر الدین صاحب کمال نائب قائد اور دیگر اعزا کے غم میں شریک ہیں۔ اور ہماری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ والدین کو نعم البدل عطا فرمائے۔ انہیں اور مرحوم کے بہن بھائیوں اور دیگر اعزا کو صبر کی توفیق دے۔

(قائد خدام الاحمدیہ راولپنڈی صدر)

ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے خاکسار کی ہمشیرہ عزیزہ امۃ السلام صاحبہ زوجہ چوہدری عزیز الرحمٰن صاحب شاہد عربی سلسلہ عالیہ احمدیہ کو ۲۶ جنوری کو پہلی بچی عطا فرمائی ہے۔ جو کہ مکرم چوہدری محمد طفیل صاحب مرحوم درویش قادیان کی پوتی اور شیخ نذیر احمد صاحب کی نواسی ہے۔ بچی کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امۃ الحی تجویز فرمایا ہے۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ نومولودہ کو لمبی عمر دے اور ہمارے لئے قرۃ العین بنائے آمین۔

خاکسار شیخ مبارک احمد

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ اخبار الفضل خود خرید کر پڑھے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جزائر فیجی میں لہلہاتا ہوا باغ احمدیت

مکرم مولوی دین محمد صاحب شاہد ایم اے امیر جماعت و مبلغ انچارج جزائر فیجی

۱۹۶۱ء میں سیدنا حضرت اقدس مصلح موعود رضؓ کے بابرکت عہد خلافت میں نندی کے مکرم حاجی محمد رمضان صاحب اول المبائعین کی بیعت خلافت سے جزائر فیجی میں احمدیت کا باغ لگایا گیا۔ اس باغ کی آبیاری مکرم مولانا عبدالواحد صاحب فاضل، مکرم مولانا نورالحق صاحب انور۔ مکرم مولانا غلام احمد صاحب آف بدوملہی مرحوم اور مکرم عبدالرشید صاحب رازی نے کی۔ اور اب سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث وناصر موعود ایدہ اللہ الودود کے بابرکت عہد خلافت میں ۶ مئی ۱۹۷۸ء سے اس باغ کی آبیاری خاکسار اور برادرم مکرم سجاد احمد صاحب کے سپرد ہے۔

جزائر فیجی میں باغ احمدیت قرآن کریم کی آیت کے مطابق ایک شجرۂ طیبہ کی مانند ہے جس کی جڑیں مضبوطی سے زمین میں قائم ہیں اس کی شاخیں دور دور تک اور آسمان میں پھیلی ہوئی ہیں اور یہ ہر آن سرسبز و شاداب ہو کر ہمہ پہلو ترقیات کے ساتھ شیریں پھل بھی دے رہا ہے جس کی چند باتیں ازدیاد ایمان کے لئے قارئین کرام کی خدمت میں پیش ہیں:۔

مسجد بلالؓ کا افتتاح:

اللہ تعالیٰ کے فضل سے امسال NASAR WADA کے مقام پر جماعت احمدیہ کی ساتویں نئی مسجد چار ہزار فیجین ڈالرز (جو پاکستانی روپے کے لحاظ سے ۸۰۰۰/- روپے بنتے ہیں) کے خرچ سے مکمل ہوئی ہے جس کا افتتاح مورخہ ۲۴ دسمبر ۷۸ء کو دس بجے صبح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ الودود کے مبارک پیغام سے اڑھائی صد احباب کے اجلاس عام کی صورت میں دعاؤں کے ساتھ خاکسار نے کیا۔ اس مسجد کا نام حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ الودود نے فیجی کے مقامی افریقن نسل حضرت بلالؓ کی قوم کی مناسبت سے "مسجد بلال" رکھا اور اس مسجد کے افتتاح کے لئے حضور انور نے اپنے مبارک پیغام میں یہ ہدایت فرمائی:۔

"خدا تعالیٰ کے اس گھر سے ہمیشہ پیار کریں اور آباد رکھیں اللہ تعالیٰ آپ کو اور آئندہ آنے والی نسلوں کو بھی اس گھر میں قبول دعاؤں کی توفیق عطا فرماتا رہے آمین!"

تعمیر مسجد فضل عمرؓ اور اس کا ایک شیریں پھل:

فیجی کے دارالحکومت سوا (SUVA) میں نہایت اہم شاہراہ رتو مارا روڈ (RATU MARA ROAD) پر واقع پندرہ لاکھ روپے کے اندازہ خرچ سے زیر تعمیر "مسجد فضل عمرؓ" کا قریباً نصف حصہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے پینسٹھ ہزار دو سو تینتالیس فیجین ڈالرز کے خرچ سے مکمل ہو گیا ہے جو پاکستانی روپے کے لحاظ سے سات لاکھ بیاسی ہزار نو سو سولہ -/۷,۸۲,۹۱۶ روپے بنتے ہیں۔

مسجد فضل عمرؓ کی روز افزوں تعمیر اور ترقی کو دیکھ کر فیجی کے تمام لوگ حیران و ششدر ہیں کہ ظاہری تعداد کے لحاظ سے ایک چھوٹی جماعت نے خانۂ خدا کو بنانے میں کمال نمونہ پیش کر دکھایا ہے۔

مسجد فضل عمر میں جہاں اشاعت اسلام کے لئے ایک عظیم احمدیہ لائبریری و دارالمطالعہ قائم ہے وہاں لیکچر ہال بھی قائم ہے جہاں آج کل نماز پنجگانہ ادا کی جاتی ہیں اور جلسے منعقد ہوتے ہیں اس مسجد فضل عمرؓ کی عمارت میں بالائی (PLAN) کے مطابق لائبریری کے ساتھ تین دکانیں بھی مکمل ہو چکی ہیں۔

انفاق فی سبیل اللہ کا کامل نمونہ:

انفاق فی سبیل اللہ مومنوں کا ایک شعار ہے کہ اس پہلو میں بھی فیجی کے احمدی احباب نے کمال نمونہ پیش کر دکھایا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب فیجی کے تمام احباب اشاعت اسلام کے لئے مالی قربانیوں میں صحابہ کرامؓ کی طرح بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔ مکرم محمد اسماعیل صاحب METEOR جنہوں نے مسجد فضل عمرؓ کی دو دکانوں میں سے ایک دوکان کرایہ پر لی تھی انہوں نے پہلے روز جب دوکان کا افتتاح کیا تو اس روز کی ایک سو ڈالرز (پاکستانی روپے کے لحاظ سے بارہ سو روپے) کی آمدنی میں سے نصف رقم پچاس ڈالرز (چھ سو روپے) خدا تعالیٰ کے دین کی خاطر پیش کر دیئے ان کے فرزند محمد شریف صاحب نے پانچ صد امریکی ڈالرز دیئے۔ سوا جماعت کے لوکل پریذیڈنٹ مکرم محمد شمس الدین صاحب جو معہ اہلیہ صاحبہ گزشتہ سالانہ جلسہ ربوہ میں بھی شامل ہوئے تھے اب ان کا دل انفاق فی سبیل اللہ میں اس قدر وسیع ہے کہ سینکڑوں ہزاروں ڈالرز چندہ جات دینے میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔ مکرم قاسم علی مقبول صاحب ایک مخلص احمدی دوست کے اخلاص کا اب یہ حال ہے کہ جب بھی ان کے ہاں خاکسار جاتا ہے وہ ایک سو ڈالرز ضرور چندہ پیش کرتے ہیں۔ ماسٹر محمد حسین صاحب، مکرم لطیف مقبول صاحب، محمد یٰسین صاحب، محمد اسماعیل صاحب مرکزی سیکرٹری مال، بیگم محمد شمس الدین، مسز تاجین و دیگر کس کس دوست کا نام لوں۔ غرض کہ مرد اور کیا عورتیں تمام احباب جماعت مرکز سلسلہ ربوہ سے بارہ ہزار میل دور ہونے کے باوجود پاکستان کے مخلص احمدی احباب کی طرح نہایت ہی اخلاص سے مالی قربانیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ فیجی کے احباب کے اخلاص اور قربانی کو دیکھ کر سب کے لئے دل سے دعا نکلتی ہے۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء

جماعت کی تربیت و فدائیت:

اللہ تعالیٰ کے فضل سے فیجی کی آٹھوں جماعتوں کے احباب ارکان اسلام کے پابند اور احمدیت کے فدائی ہیں اور نظام خلافت سے مخلصانہ طور پر وابستہ ہو کر باہمی محبت و اخوت کے لحاظ سے بنیان مرصوص ہو کر اللہ تعالیٰ کی محبت اور خوشنودی کو حاصل کرنے کے لئے ہر آن کوشاں رہتے ہیں۔ حضور قلب اور سوز و گداز سے انفرادی اور اجتماعی عبادات میں حصہ لینے کے علاوہ درس القرآن تربیتی اجلاسات اور وقار عمل اور دینی کاموں میں شوق سے حصہ لیتے ہیں۔ مکرم محمد شمس الدین صاحب، مکرم محمد اسماعیل صاحب METEOR، مکرم قاسم علی مقبول، مکرم عبدالحکیم صاحب آف نانڈی، مکرم حاجی محمد حنیف صاحب لٹوکا، ماسٹر محمد حسین صاحب، ممتاز علی صاحب مقبول ملیاحد، ماسٹر محمد حنیف صاحب، حامد حسین صاحب و دیگر بیسیوں احباب کی آنکھوں میں حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے فرزند جلیل سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کے خلفاء عظام کی محبت ہے اور اسلام و احمدیت کی عشق میں ایمان افروز واقعات کے سننے پر بارہا آنسو دیکھنے میں آتے ہیں۔ یہی عشاق رسولؐ کی شان سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنے عربی قصیدہ میں بیان فرمائی ہے:۔

"یبکون من ذکر الجمال صبابۃ
وتالمًا من لوعۃ الھجران"

یعنی صحابہ کرام اور عشاق رسولؐ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یاد میں عشق و محبت سے روتے ہیں اور ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے ہیں اور وہ اپنے محبوب کی جدائی میں غم محسوس کرتے ہیں۔

یہی کیفیت فیجی کے احباب کی آنکھوں میں احمدیت سے عشق و محبت میں بارہا دیکھی ہے۔ جماعتی کاموں میں تمام عہدیداران جماعت بالخصوص مکرم خان محبوب یوسف صاحب، مکرم محمد اسماعیل صاحب مرکزی سیکرٹری مال، مکرم محمد شمس الدین صاحب لوکل پریذیڈنٹ اور مکرم محمد اسماعیل صاحب METEOR غیر معمولی تعاون کرتے ہیں۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء

احمدیت کے لئے فدائیت و اخلاص میں ایک مخلص احمدی دوست مکرم عبداللطیف صاحب مقبول سپرنٹنڈنٹ پولیس نے ایک موقعہ پر یہ اظہار کیا:۔

"میرے سامنے بچے بھی اگر خدا کو پیارے ہو جائیں اور محمد سے جدا ہو جائیں تو میں برداشت کر لوں گا مگر احمدیت محمد سے کبھی جدا نہ ہو۔"

لسرد انگا کے ایک دوست مکرم حامد حسین صاحب

نے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے اخلاص میں یہاں تک کہا کہ:-

"خلیفۂ وقت کا کہنا تو بڑی بات ہے خلیفۂ وقت کا نمائندہ مبلغ بھی ہم سے جان کی قربانی لے تو ہم اس کے لئے بھی تیار ہیں۔"

ایک موقعہ پر نہایت ہی مخلص اور فدائی دوست مکرم محمد اسماعیل صاحب Hatton نے کہا کہ:-

"اگر احمدیت کی خاطر ایک انگلی کاٹنے کا مطالبہ کریں تو یہ قیمتی جان بھی حاضر ہے۔"

خلیفۂ وقت سے احباب کی محبت و عقیدت اور اخلاص کا یہ حال ہے کہ کئی احباب کو حضور انور خواب میں نظر آتے ہیں کہ حضور انور فیجی تشریف لائے ہیں اور حضور انور احباب کو ملاقات و زیارت کا شرف عطا فرما رہے ہیں۔ ان خوابوں کے مطابق فیجی کے احباب بے تابی سے منتظر ہیں کہ ذوالقرنین ثانی سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تیسرے عظیم جانشین موعود نافلہ خلیفۃ المسیح مشرقی سفر پر روانہ ہو کر زمین کے اس مشرقی کنارہ پر واقع جزائر فیجی کے احباب اور پیاسی ارواح کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے نوازتے ہیں۔

پیغام حق اور اس کے خوشکن نتائج:

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جزائر فیجی میں مختلف علاقوں میں انگریزی، فیجین اور مختلف زبانوں میں ہزاروں کی تعداد میں لٹریچر کی تقسیم۔ ایک ہزار تین سو فیجین ڈالرز (پاکستانی روپے کے لحاظ سے بارہ ہزار تین سو ساٹھ (۱۲۳۶۰) روپے) کے فروخت لٹریچر۔ بیسیوں تبلیغی جلسوں۔ تبلیغی دوروں۔ ہزار جماعت کے جلسوں میں تقاریر، انفرادی ملاقاتوں اور پریس کے ذریعہ اور ریڈیو پر سیرت النبی، یوم مسیح موعود، یوم خلافت، عید الاضحیٰ اور عید الفطر اور دیگر مواقع پر چودہ تقاریر کے ذریعہ لاکھوں افراد تک احمدیت یعنی حقیقی اسلام کا پیغام مؤثر رنگ میں پہنچایا گیا۔ جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے پچاس احباب نے بیعت کر کے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں شامل ہونے کی سعادت حاصل کی۔

بین الاقوامی احمدیہ لٹریچر کانفرنس کے مفید نتائج کے اثرات:

مورخہ ۱۰-۱۱-۱۲ جون کو بین الاقوامی احمدیہ لٹریچر کانفرنس میں کاسر الصلیب سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے تیسرے عظیم الشان نافلہ موعود حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ الودود کی بابرکت شرکت سے اللہ تعالیٰ کے فضل اور ملائکۃ اللہ کے تصرف سے جو غیر معمولی کامیابی حاصل ہوئی اس کے مزید خوشکن اثرات ظاہر ہو رہے ہیں۔ اس کانفرنس کی کامیابی پر فیجی اور آسٹریلیا کے اخبارات میں جو بکثرت اور نمایاں خبریں اور دلچسپ مضامین شائع ہوئے اس کے بعد مورخہ ۸ اکتوبر ۷۸ء کو روزنامہ فیجی سن (FIJI SUN) میں ڈیلی ٹیلیگراف لندن کے نامہ نگار پیرسن فلپس (Mr. Pearson Phillips) کا نہایت مفصل مضمون "مسیح کشمیر میں دفن ہوئے" (Christ Buried in Kashmir) کے عنوان سے شائع ہونے پر عیسائی حلقوں میں مزید کھلبلی مچ گئی۔ عیسائیوں نے جواباً اسی روزنامہ فیجی سن کے LETTERS کے کالم میں حضرت مسیح کی صلیبی موت کے حق میں لمبے مضامین پر مشتمل خطوط لکھنے شروع کر دیئے اور ساتھ ہی اسلام اور قرآن کریم پر بھی رکیک حملے کئے۔ ابھی تک جہاد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ مگر عیسائی حلقے اس طرح کے تبلیغی خطوط کی اشاعت کو بند کرنے کا شدت سے مطالبہ کر رہے ہیں جو ان کی طرف سے اعتراف شکست ہے۔

اس وقت تک ہم احمدیوں کی طرف سے تین تفصیلی مضامین کی اشاعت کے بعد چار تفصیلی مکاتیب شائع ہو چکے ہیں۔ ابھی بعض خطوط شائع ہونے باقی ہیں۔ عیسائیوں کی طرف سے دس مضامین اور مکاتیب شائع ہو چکے ہیں۔ دیگر مسلمانوں کی طرف سے بھی اسلام کی حمایت میں دو مضامین شائع ہوئے۔ غیر مبائعین کی طرف سے دو مکاتیب انکار نبوت میں شائع ہوئے جن کا موضوع زیر بحث سے کوئی تعلق ہی نہ تھا البتہ ایک سعید غیر مبائع نے ہماری حمایت میں اور عیسائیوں کے جواب میں ایک اچھا مکتوب شائع کرایا۔ اس لحاظ سے اس وقت تک ۲۲ مضامین اور مکاتیب مقامی اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا نیا علم کلام نہایت مؤثر رنگ میں پہنچایا گیا فالحمد للہ علیٰ ذالک!

فیجی کے اخبارات میں حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کی صلیبی موت سے نجات کے سلسلہ میں بکثرت اور نمایاں خبروں، دلچسپ مضامین اور مکاتیب کی غیر معمولی اشاعت سے بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کہ زمین کے اس مشرقی کنارہ جزائر فیجی سے اسلام کا سورج پوری آب و تاب سے طلوع ہو رہا ہے اور یہ علاقہ احمدیت یعنی حقیقی اسلام کے نور سے جلد منور ہو گا۔ ان شاء اللہ۔ وباللہ التوفیق۔

متفرق امور:

(۱) لٹوکا کے مقام پر دونوں احمدیہ سکولز تعلیم الاسلام کنڈرگارٹن اور احمدیہ پرائمری سکول۔ مکرم ماسٹر محمد حسین صاحب کی نگرانی میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے خود کفیل ہونے کی حالت میں نہایت کامیابی سے چل رہے ہیں جہاں ۴۰۰ طلبہ و طالبات علم حاصل کر رہے ہیں ہر اتوار کو بچوں کو دینی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

(۲) عیدین کے موقعہ پر درویشان قادیان کی دعاؤں کو حاصل کرنے کے لئے ۴۰۰ ڈالرز اور امداد مستحقین ربوہ کے لئے ۱۵۰ ڈالرز ارسال کئے گئے۔

بالآخر احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جزائر فیجی میں باغ احمدیت کو مزید ترقی عطا فرمائے اور برادرم سجاد احمد صاحب اور خاکسار کو مزید مقبول خدمات دینیہ کے بجا لانے کی توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین!

○

ہر صاحب استطاعت احمدی کو چاہیئے کہ الفضل خود خرید کر پڑھے اور دوستوں کو مطالعہ کیلئے دے

بیت رب زدنی علما ۔ اے میرے رب میرے علم کو بڑھا (القرآن الحکیم) علم حاصل کرو خواہ چین جانا پڑے (فرمان رسول اکرمؐ)

بیکار مت بیٹھیے — بیرون ممالک کی بہت زیادہ ڈیمانڈ کے پیش نظر پاکستان میں اپنی نوعیت کا واحد ادارہ — کوئی ہنر سیکھئے

تیاری بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے سلیبس کے مطابق کروائی جاتی ہے

نسیم سٹیل فکسر ٹریننگ سنٹر رجسٹرڈ اندرون موچی گیٹ لاہور

ریگولر اور سپیشل کلاسز میں داخلہ جاری ہے

ہمارا ادارہ جمعہ کے روز بھی کام کرتا ہے

• الیکٹریشن • موڈ وائینڈنگ بمعہ فارمولا ڈیزائن • ریفریجریشن و ایئر کنڈیشننگ
• ریڈیو • الیکٹرانکس سپر وائزر • اور ویلڈنگ (گیس و الیکٹرک)

نئی کلاسز عبدالماجد چغتائی (سابقہ پرنسپل راولپنڈی) کی زیر نگرانی شروع کی گئی ہیں۔

مزید

سٹیل فکسر • شٹرنگ کارپینٹر • پائپ فٹر • بلڈنگ پینٹر • اور کنسٹرکشن فورمین

کم فیس — ماہر اساتذہ کی زیر نگرانی — کم مدت

نوٹ: تمام میٹریل طلباء کو انسٹی ٹیوٹ کی طرف سے فری دیا جاتا ہے اور عملی کام کی طرف زیادہ توجہ دی جاتی ہے عربی بول چال بھی سکھائی جاتی ہے (داخلہ جاری ہے کلاسز صبح دوپہر اور شام پراسپکٹس مفت حاصل کریں)

احمدی احباب کے لئے فیس میں ۱۵٪ رعایت!

نسیم سٹیل فکسر اینڈ الیکٹرونک ٹریننگ سنٹر اندرون موچی گیٹ لاہور فون 60540 / 55411

برانچ: 65/A کشمیر روڈ نزد جی ٹی ایس بس سٹینڈ صدر راولپنڈی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہر قسم کا
کاغذ، بکس بورڈ اور گتّہ
بارعایت خرید نے کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں اور دعا فرمائیں
مقبول پیپر مارٹ۔ گنپت روڈ لاہور۔ فون نمبر ۶۳۸۴۹
گھر:۔ ملک عبداللطیف ستکوہی۔ فون نمبر ۶۲۵۱۶

دفتر سے خط و کتابت کرتے وقت
اپنے چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔ (مینیجر)

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز
نیو پاک جیولرز
۱۱۱ فیروز پور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور۔ فون نمبر ۴۱۰۹۷۴ (ایئر کنڈیشنڈ)
اور
۱۲ ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور (ایئر کنڈیشنڈ)
پروپرائٹر میاں عظیم قادر اینڈ سنز

آپ کا اپنا ادارہ
کوسموس ڈرائی کلینرز
جدید ترین ڈرائی کلیننگ کے لئے
ہمارے ہاں تشریف لائیے!
اپنے احباب کیلئے ۲۵ ٪ کی سپیشل رعایت
مینیجر کوسموس ڈرائی کلینرز فون ۷۳۲۷۲
چوک حسین آگاہی نزد مسجد احمدیہ ملتان شہر

حیوانات
آپ کی دولت ہیں۔ بیماریوں سے ان کی حفاظت اور زود اثر علاج کیلئے جانوروں کی اکسیر ۲۱ اکسیروں کا رسالہ ۱۰ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھجوا کر مفت طلب فرمائیں۔
کیور ہومیو میڈیکل کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر ابہومیو)
ربوہ فون ۶۰۷/۶۰۶

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی کمانیوں
اور
پٹوں نیز کاروں جیپوں کے سلنسر بکس اور سلنسر پائپ کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں
میاں بھائی آٹو سٹور
۱۰۔ منٹگمری روڈ۔ لاہور
انٹرنیشنل آٹو کارپوریشن چوک چوبرجی لاہور
فون نمبر سیل ڈپو ۳۱۱۴۶۳

ہر قسم کی انگریزی ادویات کی خرید اور نسخہ جات کی تیاری کے لئے
لائق صد اعتماد ادارہ
الکیمسٹس
فون ۴۱۶۶۴
EL-KEMISTS
سٹیلائٹ ٹاؤن راولپنڈی
منظور شدہ کیمسٹس برائے واپڈا۔ ریڈیو پاکستان۔ پاکستان اٹومک انرجی کمیشن۔ ایچ۔ ایف۔ ایف۔ اور نسپاک (NESPAK)
کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

حضرت حکیم نظام جانؒ کا
مشہور دواخانہ
○
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
چوک گھنٹہ گھر ○ گوجرانوالہ
فون نمبر ۷۴۸۴۴
ربوہ ○ بالمقابل ایوان محمود فون نمبر ۶۲۸
حکیم عبدالحمید ابن حکیم نظام جانؒ نگران
رجسٹرڈ درجہ اول

فون ملز ۲۷۹۴۶ — فون رہائش ۲۲۴۸۳
سفینہ انڈسٹریز لمیٹڈ
مقبول روڈ فیصل آباد
○
امپورٹر — ایکسپورٹر
لون، وائل، پردہ کلاتھ، پاپلین
جاذب نظر۔ دیدہ زیب۔ ہر گھر کی پسند
آفس
مندر گلی۔ ریل بازار فیصل آباد

پاکستان کے مانچسٹر فیصل آباد میں
ہر قسم کی جائیداد (کوٹھی۔ مکان۔ دکان۔ پلاٹ وغیرہ) کی خرید و فروخت کے لئے ہماری خدمات حاصل کیجئے!
فیصل آباد اسٹیٹ ایجنسی
سمن آباد (بالمقابل حبیب بنک لمیٹڈ)
فیصل آباد
فون نمبر۔ دفتر :۔ ۲۵۶۲۲ دفتری اوقات میں
گھر :۔ ۲۸۳۶۲ دفتری اوقات کے علاوہ
مشیر قانونی۔ محمود احمد قمر ایڈووکیٹ

ہر قسم کا سامان ساختہ جرمن و اعلیٰ خوش ذائقہ کے لئے
الائیڈ سائنٹیفک سٹور
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیئے!

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے
اپنے معروف ادارہ
گلوب ٹمبر کارپوریشن
۲۶۔ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ۔ لاہور پر
(گورنمنٹ کنٹریکٹرز)
تشریف لائیں!
فون نمبر ۶۰۲۲۰ / ۵۳۴۲۰ رہائش ۶۲۹۳۰ فیکٹری رچنا ٹاؤن ۷۱۰۷۰۰
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تالو کے لگائے جاتے ہیں
ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے
شریف ڈینٹل کلینک نزد مسجد اقصیٰ فون ۵۴۳

وقفِ عارضی پر رحمتوں کا نزول

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

"ہم میں سے جو دوست وقفِ عارضی پر گئے ہیں انہوں نے یہ مشاہدہ کیا ہے اور ان کی رپورٹوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ چونکہ ہمارے بھائی اخلاص کے ساتھ وقفِ عارضی کے لئے باہر گئے ہیں۔ اس وقت وہ دنیوی علائق سے آزاد ہوتے ہیں گھر کا کوئی فکر نہیں ہوتا پوری توجہ کے ساتھ اور پورے انہماک کے ساتھ دعا اور استغفار کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اس سے اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور رحمتوں کو بڑی کثرت کے ساتھ اپنے پر نازل ہوتا دیکھتے ہیں۔" (الفضل ۱۷ نومبر ۱۹۶۷ء صـ۳)

احباب جماعت ہر سال دو ہفتہ کے لئے وقفِ عارضی میں حصہ لیکر اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور رحمتوں کو بڑی کثرت کے ساتھ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد (تعلیم القرآن)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلاناتِ نکاح

۱۔ عزیزم مکرم عبدالحی ولد مکرم نور الٰہی صاحب مولوی فاضل ساکن گلیانہ کا نکاح ہمراہ نسیم اختر بنت مکرم محمود احمد صاحب ساکن گوجرانوالہ سات ہزار روپے حق مہر پر مکرم قریشی عبدالحمید صاحب مالک مشہور دواخانہ نے مورخہ ۱۱ر جنوری کو گوجرانوالہ میں پڑھا۔ احباب جماعت سے رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ (عبدالعزیز بھامبڑی)

۲۔ مورخہ ۲۶ر جنوری ۱۹۷۸ء بروز جمعہ میرے بیٹے عزیزم غلام سرور کا نکاح ہمراہ طاہرہ بیگم بنت سید غلام شاہ صاحب مبلغ ۱۵۰۰۰/- روپے پندرہ ہزار حق مہر پر جناب مولوی عبدالسلام صاحب طاہر مربی جماعت کراچی نے احمدیہ بال میگزین لین میں پڑھا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتے کو دونوں خاندانوں کے لئے بابرکت کرے۔ آمین ثم آمین۔ (غلام حیدر)

درخواستہائے دعا

۱۔ میری اہلیہ بعارضہ بخار بیمار ہیں احباب کرام سے صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

۲۔ مکرم مولوی محمد تقی صاحب محلہ دارالرحمت وسطی ربوہ گزشتہ دنوں بہت بیمار رہے گو بیماری سے تو اب افاقہ ہے لیکن نقاہت محسوس کرتے ہیں۔ احباب جماعت ان کی صحت کاملہ کے لئے دعا فرمائیں۔ (نورالدین خوشنویس دفتر روزنامہ الفضل ربوہ)

دوا تدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے
قابلِ اعتماد اصولی علاج اور طبی مشورہ کے لئے پرچہ تشخیص و تجویز مکمل فہرست ادویہ معہ بختری ۱۹۷۹ء جو مفید طبی معلومات پر مشتمل ہے مفت طلب فرمائیں
مینجر ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ

ہر قسم کی عمارتی لکڑی
دیودار کیل چیل۔ پڑتل کے لئے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں
سٹار ٹمبر سٹور
۵۳۔ فیروزپور روڈ ـــــ بالمقابل تھانہ اچھرہ ـــــ لاہور
فون نمبر:۔ ۴۱۰۶۱۷

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ کے مبارک ہاتھوں سے قائم کردہ
دواخانہ حکیم نظام جان
۱۹۱۱ء سے اسی نام سے دکھی انسانوں کی خدمت کرتا چلا آرہا ہے
نوٹ:۔ ربوہ میں ہماری کوئی شاخ نہیں ہے
عورتوں کے معائنہ کا علیحدہ انتظام ہے
منجانب حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ

شالوں کی مشہور دکان
الفردوس
۸۵ بی۔ انارکلی لاہور
الفردوس شال ہاؤس
ہمارے ہاں ہر قسم کی گرم کشمیری کا مدار شالیں۔ زنانہ و مردانہ دھسے اور گرم مرینہ تھوک و پرچون و اجبی داموں پر دستیاب ہیں۔ نیز ریڈی میڈ کوٹ، شلواریں، سوٹ وغیرہ بھی ہر قسم مل سکتے ہیں۔
الفردوس شال ہاؤس
۸۵۔ انارکلی لاہور

کوٹھی۔ مکان۔ پلاٹ۔ زرعی زمین کی خرید و فروخت کے لئے آپ کا مخلص، مستعد
ـــــ معاون ادارہ !ـــــ
فضل عمر کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز
نزد ریلوے پھاٹک اقصیٰ روڈ ربوہ

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات
اور چاندی کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ کے لئے
فرحت علی جیولرز کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور
فون نمبر:۔ ۵۲۶۲۳

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

ربوہ اور بیرون ربوہ میں سکنی اور زرعی جائیداد کی خرید و فروخت کا سب سے پہلا اور قابلِ اعتماد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ انس مارکیٹ ربوہ فون ۵۳۵